DANISH HEALTH AUTHORITY

3 دسمبر 2021

# ویکسین لگوائیں
# COVID-19 کے خلاف

## ویکسین کے بارے میں حقائق:

- ویکسینین 5 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہر شخص – اور حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کے لیے بھی منظور شدہ ہیں۔
- ویکسین لگوانا بے حد ضروری ہے چاہے آپ پہلے متاثر ہو چکے ہوں۔ یہ آپ کو بہترین تحفظ فراہم کرے گا۔تحفظ
- دو مختلف اقسام کی ویکسینیں پیش کی جاتی ہیں: ایک ماڈرنا سے اور ایک فائزر بائیو این ٹیک کی ہے۔ وہ ایک جیسی اچھی، محفوظ اور موثر ہیں۔
- آپ کو دو مرتبہ ویکسین لگوانے کی ضرورت ہے۔ یہ آپ کو بہترین تحفظ فراہم کرے گا۔

## بغیر کسی اپائنٹمنٹ کے تشریف لے جائیں۔

ویکسین لگوانا نہایت آسان ہے۔ آپ ملاقات کی پہلے سے کسی بکنگ کے بغیر تمام ویکسینیشن مرکز پر تشریف لے جا سکتے ہیں۔

## ڈینش ہیلتھ اتھارٹی تجویز کرتی ہے کہ آپ ویکسین لگوائیں کیونکہ:

- ویکسین آپ کو COVID-19 کی وجہ سے شدید بیمار ہونے سے بچاتی ہیں۔
- آپ اپنے خاندان، دوستوں اور دیگر لوگوں کو متاثر ہونے سے بچاتے ہیں
- اس وبا پر قابو پانے کے لئے ہمارے لئے ویکسینیشن بے حد اہم ہے۔

# کیا ویکسین لگوانا محفوظ ہے؟

COVID-19 ویکسینیں سمیت تمام ویکسینوں کے ضمنی اثرات ہوتے ہیں۔ زیادہ تر ضمنی اثرات ہلکے ہوں گے جو جلد ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ ان میں بخار یا انجکشن کی جگہ پر درد محسوس کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

ویکسین لگوانے کے بعد اگر آپ کو سنگین نوعیت کی علامات کا سامنا ہو تو آپ کو اپنے معالج سے رابطہ کرنا چاہئیے۔ ان میں سانس لینے میں مسائل یا گرمی دانوں کا نکلنا شامل ہو سکتا ہے۔ تاہم ایسا بہت کم ہوتا ہے۔

## آپ کی ویکسینیشن کیسے انجام دی جاتی ہے

ایک ویکسینیشن سینٹر میں تشریف لائیں۔ برائے مہربانی اپنا پیلا ہیلتھ انشورنس کارڈ ہمراہ لانا یاد رکھیں۔

آپ کی ویکسینیشن کیلئے آپ کا ڈاکٹر ذمہ دار ہے۔

زیادہ تر افراد کو بازو کے بالائی حصے میں ویکسین لگوائی جاتی ہے۔

ویکسین لگوانے کے بعد آپ کو سنٹر میں 15 منٹ تک انتظار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ کسی الرجک ردعمل کی صورت میں آپ کو مدد فراہم کی جا سکے۔

# سوالات؟

آپ ہمیشہ COVID-19 کی حفاظتی ویکسین کے بارے میں تازہ ترین معلومات ہماری ویب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں۔ ذیل پر مزید دیکھیں www.sst.dk/covid-vaccination۔
آپ ہمیں فیس بک پر بھی فالو کر سکتے ہیں جہاں ہم آپ کو کورونا وائرس اور ویکسینیشن سے متعلق نئی معلومات فراہم کرتے رہیں گے۔